SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release
October 2, 2019

## اکاؤنٹس، گوشواروں کی تفصیلات نہ دینے پر 22 غیر منافع بخش اداروں کے لائسنس منسوخ

اسلام آباد: (2 اکتوبر) سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی (جولائی تا ستمبر) کے دوران قانون کی تعمیل نہ کرنے پر بائیس (22) غیر منافع بخش اداروں (این جی اوز) کے لائسنس منسوخ کیئے۔ ان غیر منافع بخش اداروں کے لائسنس کمپنیز ایکٹ کے تحت اکاؤنٹس اور سالانہ گوشواروں کی تفصیلات فراہم کرنے کی وجہ سے منسوخ کیئے گئے جبکہ ان میں سے غیر منافع بخش ادارے رجسٹریشن کے بعد سے اب تک غیر فعال تھے۔

ایس ای سی پی کی جانب سے ان کمپنیوں (این جی او) کے لائسنس منسوخ ہونے پر یہ کمپنیاں خود کو رضاکارانہ طور پر بند کرنے کے لئے قانونی طریقہ کار اپنائیں گی۔ قانون کی دفعہ 42 کے تحت لائسنس یافتہ ان کمپنیوں کے ذمے کسی بھی قسم کے اثاثہ جات اور واجبات نہ ہونے کی صورت میں یہ کمپنیاں غیر منافع بخش اداروں کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 43 کے تحت اپنی رجسٹریشن کی منسوخی کے لئے درخواست دیں گی۔ منسوخ شدہ لائسنسوں کی تازہ ترین فہرست ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

https://www.secp.gov.pk/document/list-of-revoked-licenses-as-on-september-30-2019/?wpdmdl=36093